e-paper www.avadhnama.com
Postal Registration No. GPOLW/MP-50/2012-14 • RNI No. UPURD/2001/6110
LUCKNOW روزنامہ
اودھ نامہ
avadhnama
Rs.3/- Vol- 25 , Issue, 301 Sunday , August 02 2026 Pages -8
قیمت ۳/روپیہ جلد نمبر(۲۵) شمارہ نمبر(۳۰۱) لکھنؤ، بروز اتوار ۲-اگست ۲۰۲۶ء، مطابق ۱۸-صفر المظفر -۱۴۴۸ھ صفحات-۸

## صدر مرمو نے اینٹی پیپر لیک ترمیمی بل کو منظوری دی

نئی دہلی: صدر دروپدی مرمو نے عوامی امتحانات (غیر منصفانہ طریقوں کی روک تھام) ترمیمی بل، 2026 کو منظوری دے دی ہے، جس میں ہر ریاست میں فاسٹ ٹریک عدالتوں کے قیام اور عوامی امتحانات کے پرچہ لیک ہونے کے معاملے میں ملزمان کے لیے سزا میں اضافہ کرنے کا بندوبست کیا گیا ہے۔ جمعہ کو جاری کردہ ایک گزٹ نوٹیفکیشن میں وزارت قانون نے ترمیمی بل پر صدر کی منظوری کا اعلان کیا۔ یہ بل، جو اینٹی پیپر لیک ایکٹ میں ترمیم کرنے کی کوشش کرتا ہے، اس ہفتے کے شروع میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور کیا گیا تھا۔ نیا قانون نافذ ہونے کے بعد پیپر لیک کیسز کی تحقیقات دو ماہ کے اندر مکمل کی جانی چاہئیں۔ قانون کے مطابق پیپر لیک ہونے یا امتحانات میں غیر منصفانہ طریقے استعمال کرنے کے مرتکب پائے جانے والوں کو کم از کم 5 سال اور زیادہ سے زیادہ 10 سال قید اور 50 لاکھ روپے تک کا جرمانہ ہو سکتا ہے۔

## پریاگ راج میں آٹھ اگست کو طلباء سے بات چیت کریں گے راہل

لکھنؤ، یکم اگست (یو این آئی) کانگریس رہنما راہل گاندھی آٹھ اگست کو پریاگ راج کے پی گراؤنڈ میں منعقدہ چھاتر سنواد (طالب علم کے ساتھ بات چیت) پروگرام میں طلباء اور نوجوانوں سے گفتگو کریں گے۔ پروگرام میں تعلیمی نظام، مبینہ تعلیمی گھوٹالوں اور روزگار جیسے مسائل پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ کانگریس کے مطابق، اس پروگرام میں پوروانچل کے کئی اضلاع سے بڑی تعداد میں طلباء شرکت کریں گے۔ پارٹی کا دعویٰ ہے کہ چھاتر سنواد میں حصہ لینے کے لیے اب تک ڈیڑھ لاکھ سے زائد نوجوانوں نے رجسٹریشن کرایا ہے۔ پارٹی نے بتایا کہ پروگرام کی تیاریاں آخری مرحلے میں ہیں۔ اس کے جائزہ کے لیے اتر پردیش کانگریس کے انچارج راجندر پال گوتم اور پردیش کانگریس صدر اجے رائے اتوار کو پریاگ راج پہنچ کر انعقادی مقام اور تیاریوں کا جائزہ لیں گے۔ کانگریس تنظیم کی ٹیم چھاتروں کی گونج مہم کے تحت پروگرام کو کامیاب بنانے میں میں مصروف ہے۔

# غیر شفاف کولیجیم سفارشات عدالتی تقرریوں کیلئے خطرہ

## ججوں کی تقرری کی وجوہات عوام کو بتائی جائیں، کولیجیم کی مبہم سفارشات پر جسٹس بھویان کی سخت تنقید



نئی دہلی: (ایجنسی) سپریم کورٹ کے جج جسٹس اُجّول بھویان نے ہفتہ کے روز کہا کہ ججوں کی تقرری کے لیے کولیجیم کی سفارشات میں وجوہات بیان نہ کرنا نہ صرف باصلاحیت ججوں کے ساتھ ناانصافی ہے بلکہ عوامی مفاد کے بھی خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیصلوں میں شفافیت کے فقدان کے باعث ایسے نااہل افراد عدلیہ کا حصہ بن جاتے ہیں جو بعد میں غیر آئینی اور آئین کی روح کے منافی بیانات دیتے ہیں۔ انہوں نے سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس سے ایسے افراد کے لیے عدلیہ میں جگہ بن جاتی ہے جو بعد میں غیر آئینی بیانات دیتے ہیں، مثلاً مختلف طبقوں کے لوگوں کا موازنہ 'چیونٹیوں' سے کرتے ہیں۔ ہفتہ کے روز ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جسٹس بھویان نے کہا، "میں نے دیکھا ہے کہ کولیجیم کی گزشتہ تین قراردادوں میں سفارشات کی کوئی وجہ بیان نہیں کی گئی۔ کیا یہ شفافیت کے اصول سے پیچھے ہٹنے کے مترادف نہیں؟

وہ قانونی تھنک ٹینک ودھی کی JALDI پہل کے تحت جاری کی گئی رپورٹ دی جوڈیشل ٹرانسپیرنسی انڈیکس: سپریم کورٹ اور ہائی کورٹس کی جانب سے معلومات کے انکشاف کا جائزہ کی رسم اجرا کے موقع پر منعقدہ ایک پینل مباحثہ سے خطاب کر رہے تھے۔ جسٹس بھویان نے کہا کہ وجوہات بیان نہ کر کے کولیجیم دراصل ان ججوں کے ساتھ ناانصافی کرتی ہے جنہوں نے بہترین خدمات انجام دی ہیں۔ اس کے برعکس، وجوہات کو خفیہ رکھنے سے ایسے افراد کے لیے عدلیہ میں جگہ بن جاتی ہے جو بعد میں لوگوں کے کسی طبقے کا موازنہ 'چیونٹیوں' سے کرتے

> سپریم کورٹ کے جج نے کولیجیم نظام میں شفافیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ فیصلوں میں شفافیت کے فقدان کے باعث ایسے نااہل افراد عدلیہ کا حصہ بن جاتے ہیں جو بعد میں غیر آئینی اور آئین کی روح کے منافی بیانات دیتے ہیں۔

ہیں یا ایسے بیانات دیتے ہیں جو مکمل طور پر غیر آئینی اور آئینی اقدار کے خلاف ہوتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک میں بچوں کو یہ تعلیم دی جاتی ہے کہ چھوٹے سے چھوٹے جاندار کو بھی نقصان نہ پہنچائیں، حتیٰ کہ چیونٹیوں کو بھی نہ ماریں۔ لیکن اگر کسی معاشرے میں بچوں کو کم عمری سے ہی جانوروں کے ذبح یا قتل کے مناظر دکھائے جائیں تو ان سے برداشت اور ہمدردی کی توقع کیسے کی جا سکتی ہے۔ جسٹس بھویان نے اپنی تقریر میں الہ آباد ہائی کورٹ کے ایک سابق جج کے 2024 میں وشو ہندو پریشد (وی ایچ پی) کے ایک پروگرام میں دیے گئے متنازع بیان کا حوالہ بھی دیا، جس میں مبینہ طور پر مسلمانوں کے خلاف اشاروں میں تبصرہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ججوں کی تقرری مناسب بحث اور مضبوط وجوہات کی بنیاد پر ہونی چاہیے۔

انہوں نے سوال کیا، "اگر ایسے فیصلوں پر معلومات پر مبنی عوامی بحث ہو تو اس میں نقصان کیا ہے؟ جسٹس بھویان نے سینئر وکیل سوربھ کرپال کو ہائی کورٹ کا جج مقرر کرنے کے لیے سپریم کورٹ کولیجیم کی سفارش کا بھی ذکر کیا، جسے مرکزی حکومت نے منظوری نہیں دی تھی، حالانکہ کولیجیم نے اپنی سفارش برقرار رکھی تھی۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کولیجیم کی جانب سے دی گئی وجوہات کافی مضبوط تھیں اور وہ ان دلائل سے اتفاق کرتے ہیں۔

انہوں نے مزید کہا کہ ججوں کی ترقی اور تبادلوں سے متعلق مشاورت خفیہ رکھی جاتی ہے، جبکہ کسی سفارش کو مسترد یا مؤخر کرنے کی وجوہات شاذ و نادر ہی ظاہر کی جاتی ہیں۔ ان کے مطابق ان فیصلوں کے لیے اختیار کیے جانے والے معیارات بھی کسی عوامی دستاویز میں واضح طور پر درج نہیں ہیں، سوائے اس محدود وضاحت کے جو میمورنڈم آف پروسیجر میں موجود ہے۔

جسٹس بھویان نے کہا کہ پہلے اگرچہ سفارشات کے ساتھ دی جانے والی وجوہات بعض اوقات رسمی یا نقل شدہ محسوس ہوتی تھیں، لیکن کم از کم کچھ نہ کچھ وجہ ضرور بیان کی جاتی تھی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کولیجیم کی گزشتہ تین سفارشات میں کوئی وجہ درج نہیں دیکھی، جس سے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آیا یہ شفافیت کے اصول سے پسپائی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو یہ جاننے کا حق حاصل ہے کہ عدالتوں میں کیا ہو رہا ہے اور ان کے جج کون ہیں۔ بعد ازاں جسٹس اُجّول بھویان نے وضاحت کی کہ کولیجیم نظام میں زیادہ شفافیت کی ضرورت سے متعلق ان کا بیان الہ آباد ہائی کورٹ کے ایک جج کے متنازع تبصرے کے تناظر میں تھا، اور اس کا تعلق عدلیہ کے کسی دوسرے رکن سے نہیں تھا۔

## کمرشل ایل پی جی سلنڈر دہلی میں 192 روپے سستا

نئی دہلی، (یو این آئی) تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے ہفتے کے روز سے 19 کلوگرام والے تجارتی رسوئی گیس (ایل پی جی) سلنڈر کی قیمتوں میں کمی کر دی ہے۔ ملک کی سب سے بڑی تیل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن سے حاصل کردہ معلومات کے مطابق، دہلی میں سے تجارتی ایل پی جی سلنڈر 2,930 روپے کے بجائے 2,738 روپے میں ملے گا۔ اس طرح اس میں 192 روپے کی کمی کی گئی ہے۔ جبکہ، 14 کلوگرام والے گھریلو ایل پی جی سلنڈر کی قیمت 942 روپے پر مستحکم ہے۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں قیمتوں میں کمی کے بعد سرکاری تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے تجارتی صارفین کے لیے جولائی میں بھی رسوئی گیس کی قیمتیں گھٹائی تھیں۔ اس وقت دہلی میں قیمت 183.50 روپے کم کی گئی تھی۔ ملک کے مختلف شہروں میں تجارتی سلنڈر کی قیمت اور کمی مختلف ہے۔ یہ کمپنیوں کی لاگت اور دیگر مقامی عوامل کے حساب سے طے ہوتی ہے۔ کولکتہ میں آج سے 19 کلوگرام والا تجارتی سلنڈر 2,872.50 روپے کا ہو گیا ہے۔ اس کی قیمت میں 209 روپے کی کمی ہوئی ہے۔ ممبئی میں قیمت 194 روپے اور چنئی میں 200 روپے کم کی گئی ہے۔ دونوں میٹرو شہروں میں نئی قیمت بالترتیب 2,691.50 روپے اور 2,906 روپے ہے۔ گھریلو استعمال والے 14 کلوگرام کے ایل پی جی سلنڈر کی قیمت ممبئی میں 941.50 روپے، کولکاتہ میں 968 روپے اور چنئی میں 957.50 روپے پر مستحکم ہے۔

# وشاکھاپٹنم کو ایشیا کا معاشی مرکز بنانے کیلئے مرکز پُرعزم

## پی ایم مودی نے آندھرا پردیش میں 17,900 کروڑ روپے کے ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کیا




وجیانگرم، (یو این آئی) وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کے روز آندھرا پردیش میں 900,17 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے متعدد ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح، سنگ بنیاد اور قوم کے نام وقف کیا۔ انہوں نے ان منصوبوں کو ریاست کے بنیادی ڈھانچے، رابطہ نظام اور صنعتی ترقی کو نئی رفتار دینے کی سمت میں ایک اہم قدم قرار دیا۔ وزیر اعظم نے بھوگاپورم میں اللوری سیتا راما راجو (اے ایس آر) ہوائی اڈے کا افتتاح کرتے ہوئے اسے علاقائی ترقی کا رن وے" اور نوجوانوں کے روشن اور خوشحال مستقبل کی لانچنگ پیڈ قرار دیا۔

بھوگاپورم میں منعقدہ عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، جس میں آندھرا پردیش کے وزیر اعلیٰ این۔ چندرابابو نائیڈو، نائب وزیر اعلیٰ کے۔ پون کلیان اور مرکزی وزیر برائے شہری ہوابازی کے۔ رام موہن نائیڈو بھی موجود تھے، مودی نے کہا کہ ہوائی اڈوں، سڑکوں، ریلوے اور توانائی سے متعلق یہ منصوبے آندھرا پردیش کو ایک اہم معاشی مرکز میں تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ "آج چھوٹے شہروں کے لوگ بھی آسانی سے ہوائی سفر کر رہے ہیں، جبکہ ماضی میں فضائی سفر صرف بڑے شہروں تک محدود تھا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ مرکزی حکومت کی اُڑان (UDAN) اسکیم نے علاقائی فضائی رابطے کو وسعت دی ہے، جس سے معاشی طور پر کمزور طبقے کے لوگوں کے لیے بھی ہوائی سفر ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے اسکیم کے دوسرے مرحلے کا بھی ذکر کیا، جس کے لیے 29 ہزار کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے۔ مودی نے کہا کہ مرکز آندھرا پردیش کے پورے ساحلی علاقے کو کوسٹل اکنامک کوریڈور کے طور پر ترقی دے کر ملک کی بلیو اکانومی کو مضبوط بنانے کے لیے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وشاکھاپٹنم اور کرشنا پٹنم جیسے تاریخی بندرگاہوں کو جدید بنایا جا رہا ہے، جبکہ ملاپیٹا اور رامایاپٹنم میں نئی بندرگاہیں بھی تعمیر کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا اسٹریٹجک وژن اس پورے خطے کو ایک ترقی یافتہ ساحلی اقتصادی راہداری کے طور پر فروغ دینا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ وشاکھاپٹنم-رائے پور ایکسپریس وے سمیت شاہراہوں اور ایکسپریس ویز کا جال بچھایا جا رہا ہے تاکہ بہتر رابطہ اور صنعتی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ ریاست میں تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپے مالیت کے ریلوے منصوبوں پر کام جاری ہے، جن میں مکمل ریلوے برقی کاری اور 70 سے زائد ریلوے اسٹیشنوں کی جدید کاری شامل ہے۔ پی ایم گتی شکتی نیشنل ماسٹر پلان کا ذکر کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ سڑک، ریل، بندرگاہ اور ہوائی اڈوں کے بنیادی ڈھانچے کو ایک دوسرے سے جوڑنے سے نقل و حمل کے اخراجات کم ہوں گے، صنعتوں کو بہتر رابطہ ملے گا، کسانوں کو فائدہ پہنچے گا اور کاروبار کرنا مزید آسان ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ "جب یہ جدید لاجسٹک نیٹ ورک مکمل طور پر تیار ہو جائے گا تو صنعتوں کو بہتر رابطہ حاصل ہوگا، کسانوں کو بڑا فائدہ پہنچے گا اور کاروباری ماحول مزید بہتر ہوگا۔ ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز پر زور دیتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ آندھرا پردیش اپنی مضبوط آئی ٹی صنعت کے ساتھ ساتھ مستقبل کی مینوفیکچرنگ کا بھی ایک بڑا مرکز بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

> وزیر اعظم نریندر مودی نے ہفتہ کے روز میسورو میں شری رام کرشن آشرم میں قائم سوامی وویکانند ثقافتی یوتھ سینٹر (وویکا اسمارک) کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم میسور یونیورسٹی اوول گراؤنڈ کے ہیلی پیڈ سے ہیلی کاپٹر کے ذریعے آشرم پہنچے، جہاں کرناٹک کے وزیر اعلیٰ ڈی کے شیوکمار اور گورنر تھاور چند گہلوت نے ان کا استقبال کیا۔

# اتراکھنڈ: مسوری میں مزار پر چلا بلڈوزر، حالات کشیدہ



دہرادون (ایجنسی) اتراکھنڈ میں مذہبی ڈھانچوں اور تجاوزات کے خلاف مہم زور و شور سے جاری ہے۔ اس مہم کے تحت آج مسوری کے لکشمن پوری علاقہ میں انتظامیہ نے قدیم مزار کو بلڈوزر سے منہدم کر دیا۔ کچھ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ انتظامیہ اور مسوری-دہرادون ڈیولپمنٹ اتھارٹی (ایم ڈی ڈی اے) کی مشترکہ ٹیم نے قدیم قبرستان احاطہ میں تیار مبینہ طور پر ناجائز نماز والی جگہ پر بلڈوزر چلایا ہے۔ اس کارروائی کے بعد علاقے میں کشیدگی والے حالات بن گئے اور احتجاجی مظاہروں کے سبب مسوری-دہرادون شاہراہ پر کچھ وقت کے لیے ٹریفک جام لگ گیا۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق مقامی انتظامیہ کی ٹیم بلڈوزر کارروائی کے لیے کثیر پولیس فورس کے ساتھ لکشمن پوری میں اس جگہ پہنچی جہاں تقریباً 200 سال قدیم قبرستان احاطہ میں مزار موجود تھا۔ افسران کا کہنا ہے کہ قبرستان احاطہ میں بنا یہ ڈھانچہ تجاوزات کے زمرہ میں آتا تھا، جس کی وجہ سے اصولاً اسے ہٹانے کی کارروائی کی گئی۔ انہدامی کارروائی کے دوران کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے، اس کے لیے بڑی تعداد میں پولیس فورس اور انتظامیہ کے افسران کی تعیناتی کی گئی تھی۔ اس بلڈوزر کارروائی کے بعد مقامی مسلم طبقہ کے لوگ احتجاج میں سڑک پر اتر آئے۔ مظاہرین نے مسوری-دہرادون شاہراہ پر جام لگا کر انتظامیہ اور حکومت کے خلاف نعرے بازی کی۔ ان کا کہنا تھا کہ جس ڈھانچہ کو ہٹایا گیا ہے، وہ مسجد یا مزار نہیں تھی بلکہ قبرستان میں آخری رسومات سے پہلے جنازہ کی نماز ادا کرنے کے لیے بنایا گیا ٹین شیڈ تھا۔ مظاہرین کا دعویٰ ہے کہ یہ جگہ تقریباً 200 سالوں سے مذہبی امور کے لیے استعمال میں رہا ہے۔ ایک طرف افسران اسے اصولاً تجاوزات ہٹانے کی کارروائی بتا رہے ہیں، تو دوسری طرف مظاہرین انصاف کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ اس معاملہ میں مسلم طبقہ کے احتجاج کی وجہ سے شاہراہ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور ٹریفک کچھ وقت کے لیے رخنہ انداز ہوا۔ ٹریفک جام کی خبر ملنے کے بعد انتظامیہ کے سینئر افسران اور پولیس کے اعلیٰ افسران جائے وقوع پر پہنچے۔ انھوں نے مظاہرین سے بات چیت کر انھیں خاموش کرایا، جس کے بعد ٹریفک جام ختم ہو سکا۔ اس واقعہ کے بعد پورے علاقے میں سیکورٹی انتظامات سخت کر دیے گئے ہیں۔ افسران کا کہنا ہے کہ فی الحال حالات قابو میں ہے اور کسی بھی طرح کی افواہ پر توجہ نہ دینے کی اپیل کی گئی ہے۔

# حد بندی بی جے پی کی سازش | تمل ناڈو میں اس کی حمایت کرنے والے دھوکہ کر رہے: راہل گاندھی



> راہل گاندھی نے کہا، جو بھی آر ایس ایس-بی جے پی کی حمایت کر رہا ہے، وہ شخص اکیسویں صدی کا 'ایٹاپن' ہے۔ کسی بھی تمل شخص کو حد بندی کی حمایت نہیں کرنی چاہیے

چنئی، (یو این آئی) لوک سبھا میں قائد حزبِ اختلاف اور کانگریس کے سینئر رہنما راہل گاندھی نے مجوزہ حد بندی کے عمل کو بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی سازش قرار دیتے ہوئے کہا کہ تمل ناڈو میں اس کی حمایت کرنے والے لوگ "اکیسویں صدی کے ایٹاپن ہیں۔ راہل گاندھی نے مہابلی پورم میں ضلعی کانگریس کمیٹی (ڈی سی سی) کے صدور کے 10 روزہ تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب میں شرکت اور نیٹ (NEET) امتحان کے باعث خودکشی کرنے والے طلبہ کے اہلِ خانہ سے ملاقات کے بعد چنئی روانہ ہونے سے قبل صحافیوں سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے بی جے پی پر الزام لگایا کہ وہ حد بندی کے ذریعے تمل ناڈو کے مستقبل کو متاثر کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ "یہ بی جے پی کی ایک سازش ہے، جس کا مقصد تمل ناڈو کے عوام کو سیاسی طور پر کمزور کرنا اور ان کے اختیارات چھین لینا ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ تمل تاریخ میں "ایٹاپن" ایک ایسی شخصیت کے طور پر جانا جاتا ہے جو غداری کی علامت ہے۔ انہوں نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ جو بھی حد بندی کی حمایت کرے گا، وہ تمل ناڈو سے غداری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ مجوزہ حد بندی کی حمایت کرنے والا ہر شخص تمل ناڈو سے غداری کر رہا ہے اور وہ اکیسویں صدی کا ایٹاپن ہے۔ راہل گاندھی نے کہا کہ حد بندی کی حمایت دراصل تمل عوام، ان کی زبان اور ریاست کے مستقبل سے غداری کے مترادف ہے۔ ان کے مطابق بی جے پی کا منصوبہ تمل ناڈو کی سیاسی طاقت اور آواز کو کمزور کرنے کی ایک منظم سازش ہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ اپوزیشن جماعت ڈی ایم کے، جو تقریباً ایک دہائی تک کانگریس کی اتحادی رہی لیکن حالیہ اسمبلی انتخابات کے بعد کانگریس سے الگ ہو کر برسرِ اقتدار ٹی وی کے کے ساتھ چلی گئی، نے حد بندی کے معاملے پر اپنے پہلے کے سخت موقف میں نرمی دکھائی ہے۔ اطلاعات کے مطابق ڈی ایم کے نے مجوزہ حد بندی کی مکمل مخالفت کے بجائے اب "انتظار کرو اور دیکھو" کی پالیسی اختیار کی ہے اور کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں بل پیش ہونے کے بعد اس کا متن دیکھ کر تمل ناڈو کے مفاد کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا جائے گا۔ راہل گاندھی نے کہا کہ تمل ناڈو کے مستقبل سے غداری کا مطلب بی جے پی اور آر ایس ایس کو ریاست کے عوام اور ان کے مستقبل پر حملہ کرنے کا موقع دینا ہے۔ انہوں نے کہا، "کوئی بھی تمل باشندہ حد بندی کی حمایت نہ کرے۔ ہر تمل شہری کو اس کی مخالفت کرنی چاہیے اور ہر سیاسی جماعت، حتیٰ کہ قومی جماعتوں کو بھی پارلیمنٹ میں اس تجویز کو ناکام بنانا چاہیے۔ اس سے قبل تربیتی پروگرام کے دوران تمام ڈی سی سی صدور کے اہلِ خانہ نے راہل گاندھی سے ملاقات کی، ان کے ساتھ تصاویر بنوائیں اور اسے اپنی زندگی کا یادگار لمحہ قرار دیا۔

# 'دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی ہو، انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے'

> کُلگام حملے پر ملکارجن کھڑگے، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی کا سخت ردعمل

نئی دہلی۔ (ایجنسی) جموں و کشمیر کے کلگام میں دہشت گردانہ حملے کے دوران 2 مزدوروں کی موت پر کانگریس کے سرکردہ لیڈران ملکارجن کھڑگے، راہل گاندھی اور پرینکا گاندھی نے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ "جموں و کشمیر کے کلگام میں ہونے والا بزدلانہ دہشت گردانہ حملہ انتہائی قابل مذمت اور انسانیت کو شرمسار کرنے والا ہے۔ 2 بے قصور مزدوروں کی شناخت پوچھ کر ان کا بے رحمانہ قتل کرنا دہشت گردی کی وحشیانہ ذہنیت کی ایک گھناؤنی مثال ہے۔ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔" وہ مزید لکھتے ہیں کہ "سوگوار خاندانوں کے ساتھ میری گہری تعزیت اور ہمدردی ہے۔ قصورواروں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کو یقینی بناتے ہوئے انہیں قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دی جانی چاہیے۔" لوک سبھا میں حزب اختلاف کے قائد اور کانگریس رہنما راہل گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ "جموں و کشمیر کے کلگام میں ہونے والے وحشیانہ دہشت گردانہ حملے میں ملک کے 2 مزدوروں کا قتل انتہائی افسوسناک ہے۔ میں سوگوار خاندانوں کے ساتھ گہری تعزیت کا اظہار کرتا ہوں۔" وہ مزید لکھتے ہیں کہ "دہشت گردوں کے اس بزدلانہ حملے کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے۔ دہشت گردی کے خلاف ملک ہمیشہ متحد ہے۔" کانگریس رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا کہ "جموں و کشمیر کے کلگام میں ہونے والا بزدلانہ دہشت گردانہ حملہ انتہائی شرمناک اور قابل مذمت ہے۔ اینٹوں کے بھٹے پر کام کرنے والے 2 مزدوروں کی شناخت پوچھ کر انہیں قتل کرنا بے حد گھناؤنا اور انسانیت سوز عمل ہے۔




# 15 سالہ لڑکی نے پی ایم مودی سے معافی مانگی، ویڈیو وائرل



نئی دہلی: (ایجنسی) جنتر منتر پر وزیر اعظم نریندر مودی کے خلاف نازیبا الفاظ استعمال کرنے والی لڑکی نے معافی مانگتے ہوئے ایک ویڈیو جاری کی ہے۔ ویڈیو میں اس نے کہا، "میں صرف 15 سال کی ہوں۔ یہ میری پہلی اور آخری غلطی تھی۔ میں دوسروں کے بہکاوے میں آ گئی تھی۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں لڑکی ہاتھ جوڑ کر اپنے بیان پر معذرت کرتی نظر آ رہی ہے۔ اس نے کہا، میں اپنے دوستوں کے ساتھ کناٹ پلیس گھومنے گئی تھی۔ وہاں طلبہ کا احتجاج جاری تھا اور ارد گرد موجود کچھ لوگ وزیر اعظم کے خلاف قابلِ اعتراض نعرے لگا رہے تھے۔ میں بھی اسی ماحول اور ہجوم کے اثر میں آ گئی۔

### دیپکے نے مقدمہ واپس لینے کا مطالبہ کیا

ادھر، وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعہ کی رات انسٹاگرام پر ایک ریل شیئر کرتے ہوئے کہا، میں اپنے اور اپنی والدہ کے خلاف نازیبا زبان استعمال کرنے والے بچوں کو معاف کرنا چاہتا ہوں۔ بچپن میں غلطیاں ہو جاتی ہیں، لیکن انہیں سدھارنے کا بھی موقع ملنا چاہیے۔ یہ گمراہ بچے ہیں، انہیں صحیح راستہ دکھانے کی ضرورت ہے۔ لڑکی کی معافی کی ویڈیو سامنے آنے کے بعد کاکروچ جنتا پارٹی کے بانی ابھیجیت دیپکے نے سوال کیا کہ اگر وزیر اعظم نے معاف کر دیا ہے تو کیا حکومت اس کے خلاف درج مقدمہ بھی واپس لے گی؟ لڑکی کے خلاف 30 جولائی کو نوئیڈا میں مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ یہ گزشتہ نو دنوں میں وزیر اعظم مودی کی جانب سے جاری کی گئی پانچویں ویڈیو ہے۔ رات 11 بجے جاری ہونے والی اس ویڈیو کو صرف 30 منٹ میں 13 لاکھ سے زائد افراد نے پسند کیا۔ دوسری جانب دہلی حکومت نے 27 جولائی کو اعلان کیا تھا کہ کاکروچ جنتا پارٹی کے مظاہرین کے خلاف کوئی قانونی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ پولیس کے مطابق، نیٹ (UG) امتحان میں بے ضابطگیوں کے خلاف ہونے والے احتجاج کے سلسلے میں 29 جولائی کی شام 6 بجے تک مجموعی طور پر 13 ایف آئی آر درج کی جا چکی تھیں۔

> **مجھے عصمت دری کی دھمکیاں مل رہی ہیں**
>
> پولیس کی کارروائی اور ملنے والی دھمکیوں پر روتے ہوئے لڑکی نے کہا، "میرا موبائل نمبر کسی نے لیک کر دیا، مجھے مسلسل نامعلوم نمبروں سے کالیں آ رہی ہیں، مجھے کھلے عام عصمت دری کی دھمکیاں مل رہی ہیں، وہ کہتے ہیں کہ جہاں بھی میں دیکھوں گی وہ میری عصمت دری کریں گے اور مجھے نالے میں پھینک دیں گے۔ اس دوران، دہلی پولیس اور میرے رشتہ داروں کے گھر گھر جا رہے ہیں۔ مجھے اس طرح تلاش کر رہے ہیں جیسے میں نے کوئی سنگین جرم کیا ہو، میں اسے مزید برداشت نہیں کر سکتا۔

## بی جے پی کا غرور ہی اس کی حکومت گرائے گا: اکھلیش

لکھنؤ، (یو این آئی) سماجوادی پارٹی (ایس پی) کے صدر اکھلیش یادو نے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بی جے پی رہنماؤں کا سب سے بڑا بحران یہ ہے کہ اگر وہ اب عوام کے سامنے 'ڈنڈوت' ہو کر معافی بھی مانگیں، تب بھی عوام انہیں معاف نہیں کریں گے، کیونکہ انہوں نے عوام سے کیے گئے وعدے کبھی پورے نہیں کیے۔ ہفتہ کو جاری کردہ ایک بیان میں مسٹر یادو نے کہا کہ بی جے پی کے اتحادیوں نے نوآبادیاتی حکومت کے سامنے معافی مانگنے کا کام کیا تھا اور اس کے ساتھ وفاداری بھی نبھائی تھی، لیکن عوام کے لیے اپنی ذمہ داریوں کو پورا نہیں کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ دوسروں پر معافی مانگنے کا دباؤ بنانا اور لوگوں کے بیانات بدلوانا بی جے پی کی منفی سیاست کا پرانا اور غیر متعلقہ طریقہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے افعال سے بی جے پی کے خلاف عوام کا غصہ اور ناراضگی مسلسل بڑھ رہی ہے۔ ایس پی سربراہ نے کہا کہ اگر عوام بی جے پی کے خلاف اپنے خیالات دل ہی میں رکھنے لگے تو بی جے پی اور اس کے "غیر رجسٹرڈ اتحادیوں" کے لیے سیاسی حالات مزید مشکل ہو جائیں گے۔

